## سوال

(131) مسکین شخص کا ازروئے قرآن وحدیث کس قدر مال ہو سکتا ہے۔

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مسکین شخص کا ازروئے قرآن وحدیث کس قدر مال ہو سکتا ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو نصاب کا مالک ہے، یعنی باون روپے کا مالک یا اتنے مال کی ملکیت کا مالک ہے، وہ غنی جو اس کے لیے زکوۃ لینا جائز نہیں ہے، اور جو نصاب سے کم کا مالک ہے وہ لے سکتا ہے، مگر سوال نہیں کر سکتا۔ (عبدالسلام بستوی دہلی) (اہل حدیث دہلی جلد ۳ شمارہ ۲۴، ۱۳۲۴ھ)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

**جلد 7 ص 259**

محدث فتویٰ